مدظلہ کے ساتھ ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا۔ ان کے ساتھ ہفت روزہ "حرمت" اور "آبزرور" کے صحافی حضرات بھی تھے۔۔ مولانا کی عدم موجودگی میں مدیر الحق مولانا راشد الحق سمیع صاحب نے ان کو دارالعلوم کے مختلف شعبے دکھائے اور ان سے سفیر صاحب نے افغانستان، پاکستان اور خصوصاً الجزائر کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ مدیر الحق نے آپ کو الجزائر میں مسلمانوں کے قتل عام اور مقامی دینی جماعتوں پر پابندی کے متعلق پاکستانی عوام اور دینی جماعتوں کی تشویش سے آگاہ کیا۔

تنظیم اسلامی کے امیر جناب ڈاکٹر اسرار احمد کی دارالعلوم آمد : گذشتہ ماہ تنظیم اسلامی کے امیر ملک کے معروف سکالر جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب دارالعلوم تشریف لائے اور انہوں نے حضرت مولانا انوار الحق صاحب نائب مہتمم دارالعلوم کی رہائش گاہ پر مختصر قیام کیا۔ مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور مدیر الحق نے ان سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا اور خصوصاً شریعت بل کے مسئلہ پر ان سے گفتگو کی۔ بعد میں ڈاکٹر صاحب دارالعلوم کے مخلص معاون اور مشہور سوشل ورکر جناب میاں حضران بادشاہ صاحب کے مکان پر تشریف لے گئے اور وہاں پر اے این پی کے صدر جناب اجمل خٹک کے ساتھ ملاقات کی۔ ⟶

فرانس کے صحافیوں کی دارالعلوم آمد : فرانس کے سب سے مشہور معروف ہفت روزہ میگزین "پریس میچ" کے صحافیوں کی ایک ٹیم دارالعلوم تشریف لائی اور دارالعلوم کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور خصوصاً حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا ایک تفصیلی انٹرویو بھی کیا پھر بعد میں فرانسیسی صحافی حضرت مہتمم صاحب کے ساتھ انہی کی خواہش پر بلوچستان ژوب کے ایک بڑے جلسے کو دیکھنے کیلئے تشریف لے گئے اور دو دن تک حضرت مولانا کی تمام مصروفیات کی رپورٹنگ کی۔

جاپان کے مسلم سفارتکار کی دارالعلوم آمد : گذشتہ ماہ جاپان کے فرسٹ سیکرٹری مسٹر ہوپ دارالعلوم تشریف لائے اور دارالعلوم کے مختلف شعبوں کو دیکھا۔ ان کے ساتھ اہل خانہ بھی تھے۔ جاپانی سفارتکار اس سے قبل بھی کئی دفعہ دارالعلوم اور حضرت مہتمم صاحب کے گھر

(باقی ص۵۷ پر)